Answer sheet

Class XII 2021-22

Course Code (Core) - 303

Time: 120 minute **Subject-Urdu** Maximum Marks 40

Second Term

Part A (10Marks)

حصہ الف

جواب نمبر -1-

(الف)

(1)حالی پانی پت میں پیدا ہو ئے -

(2)حالی کا اصل نام الطاف حسین تھا۔

(3)والد کے انتقال کے وقت حالی کی عمر9 برس تھی۔

(4) حالی کی شادی سترہ 17برس کی عمر میں ہوئی -

(5) دلی آ کر حالی نے مولوی علی بخش کے مدرسے میں داخلہ لیا -

(ب)

(1) لوگ بیٹے کو آنکھوں کا نور کہتے ہیں۔

(2)باپ کو ناز اور ماں کو غرور اپنے بیٹے پر ہوتا ہے

(3)ماں باپ اپنی خوش قسمتی کی نشانی اپنے بیٹے کو سمجھتے ہیں -

(4) وہ ہونہار ہو ،نیکیوں کی طرف مائل ہو ،برائی سے دور ہو ،اپنے خاندان کی عزت کا خیال رکھنے والا ہو ،نیکیوں کا دوست اور بدوں کی صحبت سے نفرت کرنے والا ہو۔

(5)دوسرے شعر میں نازاں کے معنی ناز کرنے والا ہے -

سوال نمبر 2 **(الف)**

(1)چیرویاکوف پیشے سے ایک کلرک تھا۔

(2)چیرویاکوف تھئیٹر میں بیٹھ کر "لے کلوش دے کارنویل" کھیل سے لطف اندوز ہو رہا تھا ۔

(3)چیرویاکوف کو اس وقت الجھن محسوس ہوئی جب اسکی چھینک سے نکلی ہوئی گندگی جو کہ بالکل سامنے بیٹھے ہوئے ایک پستہ قامت بوڑھے شخص کی گنجی چاند اور گردن پر پڑ گئی تھی ۔

(4)چیرویاکوف کے سامنے بیٹھے ہوئے شخص کانام بری ژالوف تھا ۔

(5)بری ژالوف وزارت رسل و رسائل کا سول سرجن تھا ۔

(ب)

(1) اس خرابی میں میں ہوا پامال سے مراد ہے کہ شاعر مصیبت کے زمانے میں برباد ہو چکا ہے۔

(2) شاعر کے گھر کی چار دیواری کی یہ حالت ہو گئی ہےکہ وہ سو جگہ سے خم ہےیعنی کہ اس کی حالت خستہ ہو گئی ہے۔

(3)شاعر نے اپنی زندگی بے مزہ یعنی انتہا ئی مصیبت میں بسر کی ہے۔

(4)شاعر کے گھر کے جاندار تنکوں پر چڑیوں کی جنگ ہو رہی ہے۔

(5)لونی لگنا سے مراد ہ ہے افسردہ ہو جانا یا قدر و قیمت میں کمی ہو جانا ہے۔

Part -B (18Marks)

حصہ ب

سوال نمبر 3۔ ناول اس نثری صنف کو کہا جاتا ہے جس میں ایک مربوط قصہ بیان کیا گیا ہوں۔ جو ایک وسیع پس منظر میں زندگی کی ترجمانی کرتا ہے۔ ناول انفرادی یا معاشرتی زندگی کی بھی تصویر کشی کرتا ہے۔ ناول نویس اپنے فکر و خیال کے ذریعہ ایک نئی حقیقت وضع کرتا ہے جو زندگی سے ماخوذ ہوتی ہے۔

سوال نمر4۔ اردو کے دو اہم ناول نگار ہیں:

ڈپٹی نذیر احمد ، منشی پریم چند

سوال نمبر 5۔ایسی نظم جس میں بحر کے استعمال اور قافیوں کی ترتیب میں مقررہ اصولوں کی پابندی کی گئی ہو ،اسے پابند نظم کہتے ہیں۔

سوال نمبر 6- ساحر لدھیانوی ادب لطیف، سویرا اور فن کے ایڈیٹر رہے-

سوال نمبر7- نظم پرچھائیاں کا مرکزی خیال انگریزوں کی آمد کے بعد ہندوستانی تہذیب کا مٹتے چلے جانا ہے-

سوال نمبر8- افسانہ اس کہانی کو کہتے ہیں جس میں زندگی کی سچائیوں کا بیان ہوتا ہےیہ ایسی نثری تخلیق ہے جو ایک ہی نشست میں پڑھی جا سکے افسانے میں وحدت تاثر کا ہونا بھی ضروری ہے-

سوال نمبر 9-مندرجہ ذیل الفاظ کی جنس ہے-

عمر، مونث

بچپن، مذکر

جوانی، مونث

سوال نمبر 10- تشبیہ کے معنی ہیں باہمی مشابہت -جب کسی مشابہت کے باعث ایک چیز کو دوسری چیز کے مشابہ قرار دیا جائے - اسے تشبیہ کہتے ہیں-

سوال نمبر11-استعارہ کی مثال ہے-

ایک روشن دماغ تھا نہ رہا

گھر میں ایک چراغ تھا نہ رہا

سوال نمبر 12- درج ذیل محاوروں کے معنی ہیں -

آنکھ چرانا _ چشم پوشی کرنا

اوکھلی میں سردینا _ جان بوجھ کر خطرے میں جانا

دل بجھنا - افسردہ خاطر ہونا، اداس ہونا

Part -C (12Marks)

حصہ ج

مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چھ (6) کے جواب اردو میں تحریر کیجئے سوالوں کے نمبر مساوی ہیں-

(6×2 = 12)

جواب نمبر13۔ ناول کے اجزائے ترکیبی ہیں پلاٹ، کردار، مکالمہ، مرکزی خیال، منظر نگاری۔

جواب نمبر14۔منشی پریم چند کا اصل نام دھنپت رائے تھا ۔

جواب نمبر15۔ناول "بیوہ "کے دو کرداروں کےنام ہیں پریما اور امر ناتھ۔

جواب نمبر16۔چیخوف ملک " روس" کا باشندہ تھا ۔

جواب نمبر 17۔"کلرک کی موت" چیخوف کا افسانہ ہے

سوال نمبر 18۔ویکوم محمد بشیر کی پیدائش کیرالہ میں ہوئی ۔

جواب نمبر 19۔ویکوم محمد بشیر کو "پدم شری " خطاب سے نوازا گیا۔

جواب نمبر20۔"جلتی جھاڑی" نرمل ورما کی کہانی ہے۔

جواب نمبر 21۔نرمل ورما زبان ہندی کے ادیب ہیں۔

جواب نمبر 22۔اردو میں انشائیہ کی ابتدا سرسید احمد خاں کے رسالے" تہذیب ا لا خلاق" سے ہوتی ہے۔